10676- سودي مال سے اشياء خريدنے والے كوسامان فروخت كرنے كا حكم

سوال

ايک ايسا شخص پايا جاتا ہے جو حلال مال سے گھر تعمير كر كے كسى دوسرے كو فروخت كرديتا ہے، اوران گھروں كو خريدنے والے سودي رقم سے خريداري كرتے ہيں، توكيا پہلے شخص كو كوئى گناہ ہوگا؟

يہ بات معروف ہے كہ يورپ ميں رہنے والے اكثر لوگ گھر خريدنے كے ليے قرضہ حاصل كرتے ہيں، اور وہ نقد قيمت ادا نہيں كرسكتے.

پسنديدہ جواب

ورع اور تقوي كے لحاظ
سے بہتر يہى ہے كہ اس معاملہ ميں داخل نہ ہوا جائے، ليكن اصل يہى ہے كہ اس شخص كا
سودي معاملہ سے كوئى تعلق نہيں اور نہ ہى وہ اس ميں كوئى فريق ہے، اس ليے كہ بنک سود
لينے اور خريدار سود دينے والا ہے.

واللہ اعلم .